مفت میں نہیں سیکھا پردیس میں رہنے کا ہنر ہم نے.....!!!
بدلے میں زندگی کی ہر خوشی قربان کی ہے.....!!! 😢😢😢

سعودیہ یا دوبئی میں رہنے والے پردیسیوں سے جب سوال کرو تو یہ جواب دیتے ہیں۔

سوال: تمہارے بال کیوں سفید ہو گئے؟

جواب: سعودیہ کا پانی ہی ایسا ہے۔

سوال: بھائی آپکو شوگر کیسے ہو گئی؟

جواب: تمہیں نہیں پتہ سعودیہ کے پانی میں ہی شوگر ہے۔

سوال: یار آپکے بال کہاں غائب ہو گئے؟

جواب: سعودیہ کا پانی ہی ایسا ہے کیا کریں بھائی۔

سوال: تمہیں دل کی تکلیف ہو گئی ابھی سے؟

جواب: سعودیہ کا پانی ہی ایسا ہے اب بندہ کیا کرے۔

سوال: یار تم #پاکستان چھے سال سے نہیں گئے حیرانگی ہے؟

جواب: سعودیہ کا پانی ایسا ہے جانے کو دل ہی نہیں کرتا۔

سوال: تمہاری نظربہت کمزور ہو گئی ہے۔

جواب: سعودیہ کا پانی آنکھوں پر اثر کرتا ہے۔

سوال: تمہیں بلڈ پریشر کب سے ہو گیا؟

جواب سعودیہ کے پانی میں کوئی مسلۂ ہے۔

میرا اللہ جانتا ہے یہ لوگ اپنا دکھ کسی کو نہیں بتاتے، جب انکی زندگی میں جھانک کر دیکھو تو کسی کو بہن یا بیٹی کی شادی کا غم، کسی کو بوڑھی بیمار ماں کا غم، کوئی بچوں کے سر پر چھت کے لئے مصیبتیں کاٹ رہا ہے، کسی نے بھائیوں کو پڑھانا ہے، کسی نے اپنے باپ کا قرض اتارنا ہے۔

سعودیہ کا پانی تو ایسے ہی بدنام ہے۔

اللہ سب کی پریشانیاں دور فرمائے آمین۔

0307-8162003